© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

مدیر کے قلم سے

# قضیۃ تطبیق الشّریعۃ فی العَالَمِ الاسلامی

تألیف الدکتور صلاح الصاوی

عربی کمپیوٹر ٹائپ صفحات ۱۹۲

ناشر: مرکز بحوث تطبیق الشریعۃ مکان نمبر ۴

گلی نمبر ۳۹ - جی - سیون، فور - اسلام آباد -

عالمِ اسلام میں غلبۂ اسلام اور نفاذ شریعت کے رجحانات جوں جوں منظم اور متحرک ہو رہے ہیں استعماری قوتوں کی پریشانیاں بڑھتی جا رہی ہیں اور روس، امریکہ اور یورپ کے دانش ور عالمِ اسلام میں دینی بیداری کی اس لہر کو "بنیاد پرستی" کا عنوان دے کر اس کے مقابلہ میں فکری، تہذیبی، سیاسی، اقتصادی اور عسکری شعبوں میں تیزی کے ساتھ نئی صف بندی میں مصروف ہیں۔

ان استعماری قوتوں کی لابیاں مسلم ممالک میں بھی متحرک ہیں اور ان کا سب سے بڑا ہدف اسلام کے احکام و قوانین کے بارے میں شکوک و شبہات کی فضا پیدا کرنا اور دینی تعلیم سے بے بہرہ مسلمانوں کو سیکولر اور لادینی نظام کے لیے ذہنی طور پر تیار کرنا ہے۔ اس مقصد کے لیے مسلمان کہلانے والے سیکولر اور مغرب پرست دانش وروں کے منظم گروہ مجالس مذاکرہ، اخبارات و جرائد اور مختلف سوسائٹیوں کے ذریعے اسلام کے بنیادی احکام اور قرآن و سنت کے صریح قوانین بالخصوص اجتماعی زندگی میں شریعت کی عملداری کے بارے میں شکوک و شبہات پھیلانے کے لیے مسلسل کام کر رہے ہیں۔

اسلام آباد میں رابطہ عالمِ اسلامی کے زیر اہتمام کام کرنے والے ادارہ مرکز بحوث تطبیق الشریعۃ کے انچارج الدکتور صلاح الصاوی نے زیر نظر کتاب میں سیکولر لابیوں کی انہی سرگرمیوں امد

© rasailojaraid.com